کل نمبر:25　　　اُردو (ہفتم) ٹیسٹ نمبر1　　　وقت:30 منٹ

چھٹا مہینا، دوسرا ہفتہ، چھٹا دن	**سلیبس:** دہرائی ٹیسٹ (دوسرا ہفتہ)

(حصہ اوّل)

سوال نمبر1: درج ذیل میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ **(13)**

1۔ ایسا اسم جو کسی شخص یا چیز کی تعداد ظاہر کرنے کے لیے استعمال کیا جائے، کہلاتا ہے:

(الف)	اسم عدد	(ب)	اسم صفت	(ج)	اسم جنس	(د)	اسم ذات

2۔ اسم نکرہ کی اقسام ہیں:

(الف)	چھے	(ب)	پانچ	(ج)	سات	(د)	آٹھ

3۔ منشیات کے علاج معالجے اور بحالی کے لیے ادارے قائم ہیں:

(الف)	سرکاری سطح پر	(ب)	نجی سطح پر	(ج)	عالمی سطح پر	(د)	الف، ب دونوں

4۔ ایسا اسم جو کسی چیز کا وصف، حالت، خصوصیت، یا کیفیت ظاہر کرے، کہلاتا ہے:

(الف)	اسم عدد	(ب)	اسم ذات	(ج)	اسم جنس	(د)	اسم صفت

5۔ دُرست تلفُّظ ہے:

(الف)	اَ-جی-رن	(ب)	اِجی-رن	(ج)	اُ-ج-ی-ر-ن	(د)	تمام دُرست

6۔ ایک چیز کو ظاہر کرنے کے لیے جو اسم استعمال ہوتا ہے، کہلاتا ہے:

(الف)	جمع	(ب)	واحد	(ج)	مذکّر	(د)	مؤنث

7۔ ''انسداد'' کا لفظی مطلب ہے:

(الف)	روک تھام	(ب)	تدارک	(ج)	الف، ب دونوں	(د)	رُکاوٹ

8۔ نشے کی ایک وجہ ہے:

(الف)	امتحانات میں ناکامی	(ب)	مُلازمت کے حُصول میں تاخیر
(ج)	بُری صحبت اختیار کرنا	(د)	تینوں دُرست

9۔ وہ الفاظ جو معنٰی کے لحاظ سے ایک جیسے ہوں، کہلاتے ہیں:

(الف)	مترادف	(ب)	متضاد	(ج)	متشابہ	(د)	مشابہ

☆ **مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر 10، 11، 12 اور 13 کے جواب دیں۔**

عالمی سطح پر بھی منشیات کی روک تھام کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جاتے ہیں۔ اس میں اقوامِ متحدہ کا کردار بنیادی حیثیت

رکھتا ہے، جو دُنیا بھر میں انسدادِ منشیات کے لیے مختلف موقعوں پر آگاہی مہم چلاتا رہتا ہے۔ جس کا مقصد دُنیا بھر میں منشیات کے استعمال کے منفی نتائج اور اثرات کو کم کرنا ہے۔ اس ادارے کے تحت ۲۶/جون کو انسدادِ منشیات کا عالمی دن منایا جاتا ہے۔ اس بات کا عزم کیا جاتا ہے کہ تمام مہذّب ممالک اپنی نسلوں کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلائیں گے۔ پاکستان میں بھی منشیات کے تدارک اور اس سے بچاؤ کے لیے آگاہی پروگراموں کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ عوامی سطح پر یہ ہم سب کا فرض ہے کہ انسدادِ منشیات میں اپنا کردار ادا کریں تاکہ ایک روشن، ترقی یافتہ اور صحت مند پاکستان کا خواب شرمندۂ تعبیر ہو سکے۔

10۔ مندرجہ بالا عبارت کس سبق سے لی گئی ہے؟

(الف)	محسن پاکستان	(ب)	انسدادِ منشیات
(ج)	کم سن شہید	(د)	کرپشن اور اس کا خاتمہ

11۔ انسدادِ منشیات کا عالمی دن منایا جاتا ہے:

(الف)	۲۶/اپریل کو	(ب)	۲۶/مئی کو	(ج)	۲۶/جون کو	(د)	۲۶/جولائی کو

12۔ ''شرمندۂ تعبیر ہونا'' قواعد میں ہے:

(الف)	جملہ	(ب)	روزمرّہ	(ج)	ضرب المثل	(د)	مُحاورہ

13۔ دنیا بھر میں انسدادِ منشیات کی آگاہی مہم چلاتا ہے:

(الف)	اقوام متحدہ	(ب)	سارک	(ج)	او-آئی-سی	(د)	اقوام عالم

حصہ دوم اور سوم میں سے ایک ایک سوال پوچھا جائے گا۔ تمام سوالات لازمی ہیں ہر سوال کے 6 نمبر ہوں گے۔ (کل نمبر12)

(حصہ دوم)

سوال نمبر1: ''ورزش کے فائدے'' کے عُنوان پر مضمون لکھیں۔

سوال نمبر2: ''محنت کا پھل ضرور ملتا ہے'' کے عُنوان پر کہانی لکھیں۔

(حصہ سوم)

سوال نمبر1: صحت کے بارے میں دریافت کرنے کے لیے بہن کے نام خط لکھیں۔

سوال نمبر2: رسید بابت وصولی ماہانہ وظیفہ تحریر کریں۔